سوال

(894) دعاے قنوت سے پہلے تکبیر کہنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

دعاے قنوت سے پہلے تکبیر کہنا بعض اسلاف سے ثابت ہے لیکن کیا کسی صحابی سے صحیح سند کے ساتھ تکبیر کہنا ثابت ہے ؟ یا کبار تابعین میں سے کسی ایسے تابعی سے جو ثقہ ہی سے روایت کرتا ہے غیر ثقہ کی طرف التفات نہ کرتا ہو۔ (وقار علی، کریم پارک لاہور)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

''قیام اللیل'' مروزی (ص: ۲۲۹) پر ''بَابُ التَّكْبِيرِ لِلْقُنُوتِ'' کے عنوان کے تحت حضرت عمر، علی، ابن مسعود رضی اللہ عنہما وغیرہ کے آثار ہیں۔ جن میں اس امر کی تصریح موجود ہے۔ ''الاستیعاب'' ابن عبدالبر (۲/۱۹۴۶، ۴۱۸) میں، ایک مرفوع روایت بھی ہے۔ لیکن نہایت ضعیف ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الصلوٰۃ : صفحہ:750

محدث فتویٰ